CAREERINDIA

یہاں سے کاٹئے

Question Paper Serial No. **50**

# D

**CCE PR**
**UNREVISED**

ಒಟ್ಟು ಮುದ್ರಿತ ಪುಟಗಳ ಸಂಖ್ಯೆ: 8
Total No. of Printed Pages : 8
ಒಟ್ಟು ಪ್ರಶ್ನೆಗಳ ಸಂಖ್ಯೆ: 57 ]
Total No. of Questions : 57 ]

**ಸಂಕೇತ ಸಂಖ್ಯೆ : 85-U**

**Code No. : 85-U**

# ವಿಷಯ : ಸಮಾಜ ವಿಜ್ಞಾನ

# Subject : SOCIAL SCIENCE

**( ಉರ್ದು ಭಾಷಾಂತರ / Urdu Version)**

**( ಹಳೆ ಪಠ್ಯಕ್ರಮ / Old Syllabus )**

**(ಪುನರಾವರ್ತಿತ ಖಾಸಗಿ ಅಭ್ಯರ್ಥಿ/ Private Repeater)**

TEAR HERE TO OPEN THE QUESTION PAPER

اس مقام سے کاٹ کر سوال پرچہ کھولیے

ದಿನಾಂಕ : 09. 04. 2020 ] [ Date : 09. 04. 2020

ಸಮಯ : ಬೆಳಗ್ಗೆ 9-30 ರಿಂದ ಮಧ್ಯಾಹ್ನ 2-45 ರವರೆಗೆ] [ Time : 9-30 A.M. to 12-45 P.M.

ಗರಿಷ್ಠ ಅಂಕಗಳು : 100 ] [ Max. Marks : 100

www.careerindia.com

**عام ہدایات :**

1. سوالنامہ معروضی (Objective) اور موضوعی (Subjective) قسم کے سوالوں پر مشتمل ہے جس میں 57 سوالات ہیں۔

2. اس سوالنامہ کو سربمہر کر دیا گیا ہے۔ امتحان شروع ہونے کے وقت آپ کو پرچہ پڑھنے کے لئے اسے بائیں طرف سے کانٹنا ہوگا۔ اچھی طرح دیکھ لیں کہ سوالنامہ کے سبھی صفحات ٹھیک ٹھاک ہیں۔

3. معروضی اور موضوعی دونوں قسم کے سوالوں کے لئے دی گئی ہدایات کے مطابق جواب لکھیں۔

4. بائیں ہاتھ کے حاشئے پر پورے مارکس دئے گئے ہیں۔

5. جواب دینے کا زیادہ سے زیادہ وقت سوالنامہ کے اوپر دیا گیا ہے۔ اس میں سوالنامہ پڑھنے کے لئے 15 منٹ شامل ہیں۔

Tear here

CAREERINDIA



I. مندرجہ ذیل سوالات/ نامکمل بیانات میں سے ہر ایک کے لیے چار متبادل دیے گئے ہیں۔ان میں سے صرف ایک صحیح یا مناسب ترین ہے۔صحیح متبادل چُنیں اور حرف تہجی کے ساتھ مکمل جواب اپنے جوابی پرچہ میں لکھیں۔ $10 \times 1 = 10$

1. ہندوستان کا ''مردِ آہن''

(A) مہاتما گاندھی جی (B) ڈاکٹر بی آر امبیڈکر

(C) سردار ولبھ بھائی پٹیل (D) جواہر لال نہرو

2. آزادی کے بعد پرتگالیوں نے کونسے علاقے پر قبضہ کر کے حکومت قائم کی ؟

(A) پانڈیچری (B) گوا

(C) کاریکل (D) ماہی

3. ''ہندوستان اور سری لنکا کے تعلقات تاریخی ہیں۔'' یہ مکالمہ کس بات کو ثابت/ظاہر کرتا ہے ؟

(A) ہندوستان اور سری لنکا کے اچھے تجارتی تعلقات ہیں

(B) ہندوستان نے فوجی مدد کے ذریعہ LTTE سے چھٹکارا دلایا

(C) بدھ مت کے ہندوستانی بھکشو لوگوں سے بھرا تھا

(D) سماجی اور معاشی سرگرمیوں میں ہندوستان کے اچھے تعلقات سری لنکا سے ہیں

4. جنرل سکریٹری کو سلامتی کونسل کی سفارشات پر عام اسمبلی میں کتنے سال کی معیاد کے لئے مقرر کرتی ہے

(A) 3 سال (B) 4 سال

(C) 5 سال (D) 6 سال

5. سماجی سدھار لانے کے لئے ضروری ہے

(A) فرقہ واریت (B) نسلی امتیاز

(C) ذات پات (D) تعلیم



www.careerindia.com

CAREERINDIA



6. مانسون کی پسپائی کے وقفہ کو شمال مغربی ہوائیں بھی کہا جاتا ہے کیونکہ

(A) جنوبی مغربی مانسون کی ہوائیں لوٹنا شروع ہوتی ہیں اور اکتوبر کے مہینے میں ہوا کا دباؤ زیادہ ہوتا ہے

(B) بتدریج نومبر ہوائیں چلنا بند ہوجاتی ہیں

(C) اکتوبر کے مہینے میں جزیرہ نما ہندوستان میں بارش ہوتی ہے اور درجہ حرارت کم ہوجاتا ہے

(D) سورج کی کرنیں جنوبی نصف کرہ پر عموداً چمکتی ہیں

7. ہندوستان کا سب سے بڑا اہم مقصدی دریائی منصوبہ ہے

(A) بھاکڑا ننگل (B) کوسی

(C) دامودر (D) ہراکڈ

8. مال کے خسارہ کا سبب ہے

(A) قرض کی ادائیگی اور سرمایہ کو واپس لینا

(B) حکومت کی قرض کی ادائیگی

(C) حکومت کے زیادہ اخراجات

(D) حکومت کا زیادہ سرمایہ

9. چالو یا چالتی کھاتہ صنعتی ادارے کھولتے ہیں کیونکہ

(A) بینک ان کی جمع رقم پر کوئی سود نہیں دیتی

(B) بینک سے پیسہ جمع کرنا، نکالنا اور لین دین پر حد پابندی عائد کیا ہے

(C) بینک اپنی خدماتی صلہ میں سروس چارج نہیں لیتی

(D) رقم ایک دن میں جتنی مرتبہ چاہے نکال اور جمع کر سکتے ہیں

www.careerindia.com

CAREERINDIA



10. ضلعی کارخانوں کے وجود سے کیا فائدہ یا سبب ہے ؟

(A) خود سے روزگار حاصل کر سکتے ہیں

(B) شہروں میں کارخانے کھولے جاسکتے ہیں

(C) قریوں میں چھوٹی صنعتوں کو بڑھاوا دیا جاسکتا ہے

(D) شہروں کے کارخانوں کو ترقی کی جاسکتی ہے

II. **مندرجہ ذیل سوالات کے جوابات ایک جملے میں دیجئے :** 14 × 1 = 14

11. ''یگ'' سے کیا مراد ہے ؟

12. ''لوک آیکت'' قائم کرنے کا اہم مقصد کیا ہے ؟

13. منٹو مارلے اصلاحات 1909 کے تحت ہندوستانیوں کا بٹوارا کیسے کیا ؟

14. اقوام متحدہ کی ٹرسٹی شپ کونسل عام اسمبلی کی ذیلی معاون تنظیم ہے۔ کیسے ؟

15. سفید انقلاب کا باوا آدم کسے کہا جاتا ہے ؟

16. موناوادی تحریک کیوں چلائی گئی ؟

17. نازی کے طریقہ کار نے جرمنی کو برباد کر دیا۔ لکھئے۔

18. قلی سے اسکول جیسے پروگرام کا اہم مقصد کیا ہے ؟

19. ہندوستان کے کوئی دو مشہور مشروب ساز فصلوں کے نام لکھئے۔

20. سیر حاصل/عمیق کاشت کسے کہتے ہیں ؟

21. کوئلہ کو ''کالا سونا'' بھی کہا جاتا ہے ؟ کیوں ؟

22. کیوں انفارمیشن تکنالوجی کو معلومات پر مبنی صنعت کہا جاتا ہے ؟

23. ''خواتین کی طاقت'' سے کیا مراد ہے ؟

24. ڈاکٹر یم لیس سوامی ناتھن کو ''سبز انقلاب کا باوا آدم'' کہا جاتا ہے۔ کیسے ؟

www.careerindia.com

III. مندرجہ ذیل سوالات کے جوابات دو یا چار جملوں میں لکھئے : 25 × 2 = 50

25. تیسری اینگلو میسور کی جنگ کے اہم نتائج کیا ہیں ؟

26. ثابت کیجئے کہ سائنسی ترقی ہی بحری راستے سے سفر میں مددگار ثابت ہوئی ؟

27. علی گڑھ تحریک کے مقاصد کا تجزیہ کیجئے۔

یا

راما کرشنا پر ماہنس کا نظریہ کیا تھا ؟

28. لینن نے روس میں کن طریقہ کار کو اپنایا تھا ؟

29. علاقائیت سے کیا مراد ہے ؟

30. مٹی کے کھرچنے کے وجوہات بیان کیجئے۔

31. انسانی حقوق کو عالمی مقام دینے کے لئے ہندوستان کیا رول ادا کر رہا ہے ؟

32. جزیرہ نما کی سطح مرتفع کی معاشی اہمیت لکھئے۔

33. عوامی بھیڑ سے کیا مراد ہے ؟ مثال دیجئے۔

34. جنگلات کے تحفظ کے اقدامات لکھئے۔

35. عالمی کیفیت مکانی کا نظام (GPS) کس طرح ایک مقام کی نشاندہی کرتا ہے۔ لکھئے۔

36. سیلاب کے اثرات کیا ہیں ؟

37. آبادی میں اضافہ معاشی ترقی کے لئے نقصان دہ ہے۔ لکھئے۔

38. وہ کونسی وجوہات ہیں جن سے انسانی زندگی سے بڑھ کر امید ہے ؟ یا لمبی عمر تک رہنے کے لئے عوامل مددگار ثابت ہوتے ہیں ؟

39. آفاقیت عوام (صارفین) میں زیادہ اشیاء کا انتخاب کرنے میں مدد دیتی ہے ؟ کیسے ؟

40. ریگولیشن ایکٹ کے اہم مقاصد کیا ہیں ؟

41. نقل و حمل اور مواصلات کے نظام میں ترقی لانا بہت بڑا مسئلہ ہے یا مشکل ہے۔ کیسے ؟



www.careerindia.com

CAREERINDIA



42. تنظیم اقوام متحدہ کے مقاصد کیا ہیں ؟

43. ''بارانی پانی کی کاشت'' آج کے ماحول کے لئے ضروری ہے۔ کیسے ؟

44. ہندوستان کو آزادی کے بعد کن مسائل کا سامنا کرنا پڑا ؟

45. بچہ مزدوری کے کیا اثرات ہیں ؟

46. ہندوستان نے یہ عہد کیا کے نسلی امتیاز، دنیا کے کسی حصّہ میں بھی نہ ہو۔ وضاحت کیجئے۔

47. کونسے وجوہات کی بنا پر کپاس کی پیداوار کی جاتی ہے ؟

48. قبل از کاشت ٹکنالوجی اور مابعد کا ٹکنالوجی میں کیا فرق ہے ؟ لکھئے۔

49. عالمی ادارۂ تجارت کے مقاصد کیا ہیں ؟

IV. **مندرجہ ذیل سوالوں کے جواب چھ جملوں میں لکھئے :** 6 × 3 = 18

50. انگریزوں نے ہندوستان میں ایک تعلیمی بیداری اور اہمیت کو قائم کیا۔ وجہ بیان کیجئے۔

یا

1857 کی بغاوت کا بُرا اثر ہندوستانیوں پر پڑا۔ کیسے ؟

51. ہندوستان کی خارجہ پالیسی کے اہم مقاصد کیا ہیں ؟

یا

ہندوستان اور روس کے تعلقات پر نوٹ لکھئے۔

52. سڑکوں کے ذریعہ نقل وحمل کے مسائل کیا ہیں ؟ لکھئے۔

یا

کارخانے کو شروع کرنے کے لئے کن عوامل کا خیال رکھنا ضروری ہے ؟

53. چھوت چھات ایک سماجی برائی ہے اسے قانون کے لحاظ سے ختم کرنے کے لئے کونسے اقدامات اُٹھائے گئے ہیں ؟

یا

منظّم اور غیر منظّم میں کیا فرق ہے ؟

◎◎◎



www.careerindia.com

CAREERINDIA



54. دیہی ترقی کو کس طرح کامیاب بنا سکتے ہیں ؟

**یا**

عوامی مالیہ اور انفرادی مالیہ میں کیا فرق ہے ؟ واضح کیجئے۔

55. بینک سے ہونے والے فائدے کیا ہیں ؟

**یا**

بیمہ کی اہمیت اور فائدے کیا ہیں ؟ بیمہ داروں کی جانب سے ہونے والی سہولیات لکھئے۔

V. **مندرجہ ذیل سوال کا جواب دس جملوں میں لکھئے :** 4

56. ہندوستان کی جدوجہد آزادی میں سبھاش چندر بوس کا کردار لکھئے۔

VI. 57. **ہندوستان کے نقشے کا خاکہ بنائیں اور اس میں مندرجہ ذیل کو نشان زد کریں :** 1 + 3 = 4

(a $23\frac{1}{2}^{\circ}$ خط سرطان

(b ہراکڈ منصوبہ

(c ممبئی ہائی

**نابینا امیدواروں کے لیے متبادل سوال: (سوال نمبر 57 کی جگہ)**

ہمالیہ کے فائدہ استعمالات کیا ہیں ؟ 4

www.careerindia.com

CAREERINDIA



www.careerindia.com